ریاست قطر کے امیر محترم کا سرکاری دورہ ہندوستان (18-17 فروری 2025)

15 فروری، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر ریاست قطر کے امیر، عالی جناب شیخ تمیم بن حمد الثانی 17-18 فروری 2025 کو ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہوں گے۔ ان کے ساتھ اعلیٰ سطحی وفد بھی ہوگا جس میں وزراء، اعلیٰ حکام اور تجارتی وفد بھی شامل ہے۔ یہ قطر کے امیر عالی جناب کا ہندوستان کا دوسرا دورہ ہوگا۔ اس سے قبل عالی جناب مارچ 2015 میں ہندوستان کے سرکاری دورے پر تشریف لائے تھے۔

2. ریاست قطر کے امیر عالی جناب کا 18 فروری، 2025 کو صدراتی بھون کے سامنے رسمی طور پر پرشکوہ استقبالیہ دیا جائے گا۔ ان کے دورے کے دوران عزت مآب امیر صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو کے ساتھ بات چیت بھی کریں گے، جو ان کے اعزاز میں ضیافت کا بھی اہتمام کریں گی۔ عالی جناب امیر سلطنت وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے ساتھ دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر بات چیت کریں گے۔

3. ہندوستان اور قطر کے درمیان دوستی، اعتماد اور باہمی عزت و احترام کے گہرے تاریخی رابطے رہے ہیں اور حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، ٹیکنالوجی، ثقافت اور عوامی تعلقات کے شعبوں میں مزید مستحکم ہوئے ہیں۔ قطر میں مقیم ہندوستانی برادری قطر کی سب سے بڑی غیر ملکی کمیونٹی ہے، اور قطر کی ترقی اور پیش رفت میں ان کے مثبت تعاون کی ستائش کی جاتی ہے۔ عالی جناب امیر سلطنت کا یہ دورہ ہماری بڑھتی ہوئی ہمہ جہتی شراکت داری کو مزید تقویت بخشے گا۔

نئی دہلی

15 فروری، 2025